اسم فعل حرف

دعا

#102
مسجد میں --
پوسٹ: 04

مسجد میں داخل ہوتے وقت (4)

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ، وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ ----

وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ	اور اس کی سلطنت کی (پناہ میں جو) قدیم ہے
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ	شیطان سے (جو) مردود ہے۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 772)

- ہمیں اللہ کی عظمت، اس کے کرم اور اس کی ہمیشہ ہمیش رہنے والی سلطنت کے احساسات کے ساتھ اپنے سب سے بڑے دشمن سے پناہ مانگنا ہے۔ اس سے یہ بات بھی پتہ چلتا ہے کہ نماز کے وقت شیطان حملوں کے لیے خوب تیار ہو جاتا ہے، اس لیے اس کے حملوں سے بچنے کے لیے اللہ کی عظیم صفات اور قدرت کو ذہن میں رکھتے ہوئے اللہ کی پناہ میں آنا چاہیے۔

دعا

#103
مسجد میں --
پوسٹ: 05

مسجد میں داخل ہوتے وقت (5)

أَعُوْذُ بِاللهِ الْعَظِيْمِ، وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ ----

وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ	اور اس کی سلطنت کی (پناہ میں جو) قدیم ہے
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ	شیطان سے (جو) مردود ہے۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 772)

- اللہ اپنی پناہ مانگنے والے کو نامراد نہیں کرتا، اس کو اکیلا نہیں چھوڑتا اور نہ اسے وہ دشمن کے حوالے کرتا ہے۔
- شیطان کی صفت کو یہاں یاد کرنا ہے کہ وہ مردود ہے اور وہ چاہتا ہے کہ ہم بھی مردود ہو جائیں۔

دعا

#104
مسجد میں --
پوسٹ: 06

مسجد میں داخل ہوتے وقت (6)

أَعُوذُ بِاللهِ الْعَظِيمِ، وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ ----

وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ	اور اس کی سلطنت کی (پناہ میں جو) قدیم ہے
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ	شیطان سے (جو) مردود ہے۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 772)

- شیطان سے پناہ میں آنا ہے اور پھر ان تمام چیزوں کو بھی ذہن سے ہٹانا ہے جن کے ذریعہ شیطان نماز میں خلل ڈالے گا۔ ورنہ شیطان سے پناہ مانگنا اور پھر دنیوی خیالات کے ساتھ مسجد میں داخل ہونا نماز کو خراب کر دے گا۔

اسم | فعل | حرف

دعا

#105

مسجد سے --

پوسٹ: 07

مسجد میں داخل ہوتے وقت (7)

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ---	اللہ کے نام سے اور درود اور سلام (ہو) اللہ کے رسول پر۔۔۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 772)

- پہلے اللہ کا نام اور اس کے بعد پیارے نبی ﷺ کے لیے دعا، کیونکہ اللہ کے فضل کے بعد آپ ﷺ ہی کے ذریعہ ہم کو نماز پڑھنا معلوم ہوا۔
- نبی پر صلوٰۃ کا مطلب ہے کہ اے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر رحمتوں کی بارش فرما، اُن پر مہربان ہو جا اور اُن کا نام اور درجات بلند کر۔
- نبی پر سلام کا مطلب ہے کہ دنیا میں آپ ﷺ کے نام پر کوئی آنچ نہ آئے اور آخرت میں بھی آپ کو ہر قسم کی سلامتی ملے۔

To subscribe, please visit:
www.understandquran.com/dailypost

دعا

#106
مسجد سے --
پوسٹ: 08

مسجد میں داخل ہوتے وقت (8)

بِسْمِ اللهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ	اللہ کے نام سے اور درود اور سلام (ہو)
عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ ---	اللہ کے رسول پر۔۔۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 772)

- رسول ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود وسلام بھیجے گا، اللہ اس کے بدلے اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔ (مسلم: 384)
- حضرت محمد ﷺ کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے یہ دعا پڑھیے، تاکہ یہ دعا دل سے نکلے اور ہمیں اُس کا بھرپور ثواب ملے۔

اسم فعل حرف

دعا

#107
مسجد سے --
پوسٹ: 09

مسجد میں داخل ہوتے وقت (9)

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِيْ	اے اللہ ! کھول دے میرے لیے
أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ	دروازے رحمت کے تیری۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 772)

مسجد میں داخل ہوتے وقت تصور کیجیے کہ اس وقت تو میں تو لکڑی یا لوہے وغیرہ سے بنے ہوئے مسجد کے دروازہ سے مسجد میں داخل ہو رہا ہوں؛ مگر اصل خیر اور کامیابی یہ ہے کہ میرے لیے اللہ کی رحمت کے دروازے کھل جائیں۔

اسم فعل حرف

#108
مسجد سے --
پوسٹ: 10

مسجد میں داخل ہوتے وقت (10)

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ	اے اللہ ! کھول دے میرے لیے
أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ	دروازے رحمت کے تیری۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 772)

اللہ کی رحمت کے کئی دروازے ہو سکتے ہیں، جیسے نماز میں خشوع و خضوع کا نصیب ہونا، شیطانی وسوسوں سے حفاظت، قرآن کی تلاوت، نماز کے اذکار کو سمجھنا اور نصیحت حاصل کرنا، نماز سے پہلے اور بعد کے اذکار کا اہتمام کرنا، فرشتوں کی دعاؤں کا حاصل ہونا، نیک ساتھیوں سے ملاقات اور ان کی دعائیں ملنا وغیرہ۔

UNDERSTAND AL QURAN ACADEMY

To subscribe, please visit:
www.understandquran.com/dailypost

اسم فعل حرف

دعا

#109

مسجد سے --

پوسٹ: 01

مسجد سے نکلتے وقت (1)

بِسْمِ اللهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ ---

اللہ کے نام سے اور درود اور سلام (ہو) اللہ کے رسول پر۔۔۔

(ابوداؤد: 465، ترمذي: 314، ابن ماجه: 771، 773)

- اللہ نے ہمیں نماز پڑھنے کی توفیق عطا فرمائی اُس پر اللہ کا شکر ادا کیجیے۔
- نماز کیسے پڑھنا ہے یہ ہمیں رسول ﷺ کی تعلیمات کے ذریعے پتہ چلا، اس لیے رسول ﷺ پر خوب صلوٰۃ و سلام بھیجتے رہیے۔

UNDERSTAND AL QURAN ACADEMY

To subscribe, please visit:
www.understandquran.com/dailypost